# سی پی ای معائنہ

# مریضوں کے لئے معلومات

اگر اس کتابچے میں دی گئی معلومات کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو یہ بہت اہم ہے کہ آپ ان کے بارے میں اپنی دیکھ بھال کرنے والے نرسنگ یا میڈیکل ٹیم کے ایک رکن سے بات چیت کریں۔

## سی پی ای کو سمجھنا

ہر عام، صحت مند شخص کی آنت میں جراثیم ہوتا ہے جسے اینٹروبیکٹیریا سی (Enterobacteriaceae) کہا جاتا ہے۔ جب یہ بیکٹر یا آنت میں ہوتا ہے تو یہ ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچاتا اور غذا کو ہضم کرنے میں ہماری مدد کرتا ہے۔ اس کو آبادکاری کہا جاتا ہے۔ البتہ، اگر یہ بیکٹیریا غلط جگہ پر پہنچ جائے، جیسے کہ مثانہ یا دوران خون، تو اس سے انفیکشن پیدا ہو سکتی ہے۔

کاربا پینیمیز۔ پروڈیوسنگ اینٹروبیکٹیریا سی (سی پی ای)، ((Carbapenemase-Producing Enterobacteriaceae (CPE) اینٹروبیکٹیریا سی کا بگاڑ ہے۔ اس جراثیم نے اینٹی بایوٹک ادویات کے ایک بہت طاقتور گروپ کاربا پینیمیز کے خلاف مدافعت حاصل کر لی ہے۔ کاربا پینیمیز، اینٹی بایوٹک ادویات کا ایک طاقتور گروپ ہے جن پر ڈاکٹر انفیکشن کے مقابلے کے لئے اکثر اس وقت بھروسہ کرتے ہیں جہاں دوسری ادویات سے علاج ناکام ہو چکا ہو۔ یہ بہت اہم ہے کہ ہم اپنے ہسپتالوں میں سی پی اے کے پھیلاؤ کو روکیں۔ اس سے یقینی ہوگا کہ مستقبل میں بھی یہ اینٹی باڈیز انفیکشن کا مقابلہ کرنے کے لئے استعمال ہو سکیں۔

### اگر مجھے سی پی ای ہے، تو کیا مجھے علاج کی ضرورت ہوگی؟

نہیں، عموماً نہیں۔ جن مریضوں کے جسم میں سی پی ای ہوتا ہے ان کو علاج کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ یہ جراثیم بغیر کوئی نقصان پہنچائے بے ضرر طور پر آنتوں میں رہتا ہے۔ البتہ، اگر آپ کو سی پی ای کی وجہ سے کوئی انفیکشن ہوگئی ہے، تو آپ کو اس کا علاج کرنے کے لئے اینٹی بایوٹک کی ضرورت ہوگی۔

## سی پی ای کے معائنے کے بارے میں معلومات

### مریضوں کا سی پی ای کا معائنہ کیوں کیا جاتا ہے؟

یہ جاننے کے ذریعے کہ کون سے مریض سی پی ای سے متاثر ہیں، ہم یقینی بنا سکتے ہیں کہ وہ سی پی کے پھیلاؤ کو روکنے اور سی پی ای کی انفیکشن کو روکنے کے لئے بہترین دیکھ بھال حاصل کرتے ہیں۔

سی پی ای سے ہونے والی انفیکشن کا علاج مشکل ہو سکتا ہے۔ اس لئے یہ جاننا بہت اہم ہے کہ اگر کوئی سی پی ای میں مبتلا ہو گیا ہے تا کہ اگر اس کو انفیکشن ہوتی ہے، تو طبی عملہ اس کا علاج کرنے کے لئے بہترین اینٹی بایوٹک کی شناخت کر سکے۔

### سی پی ای کے مریضوں کا معائنہ کیسے کیا جاتا ہے؟

جن مریضوں کو سکاٹ لینڈ میں ہسپتالوں میں داخل کیا جاتا ہے، داخلے کے وقت ان کی تشخیص کی جاتی ہے تا کہ پتا چلایا جا سکے کہ اگر ان کے سی پی ای میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہے۔ مندرجہ ذیل صورتوں میں آپ کے سی پی ای کے معائنے کے لئے کہا جا سکتا ہے:

- سکاٹ لینڈ سے باہر کسی ہسپتال میں داخل رہے ہوں (بشمول چھٹیوں کے دوران ڈایالائسز (گردوں کی صفائی) کے لئے)
- سی پی ای سے متاثرہ کسی مریض کے ساتھ رابطے میں رہے ہوں؛ یا
- ماضی میں سی پی ای میں مبتلا ہونے کی شناخت ہوئی ہو۔

### میرا سی پی ای کا معائنہ کیسے ہوگا؟

اگر آپ کے معائنے کے لئے ایک نمونے کی ضرورت ہوئی، تو آپ کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم کا ایک رکن آپ کے مقعد (پشت) میں کچھ اندر ایک سواب (روئی لپٹی ہوئی سلائی) داخل کرے گا۔ یا وہ آپ کے پاخانے (پو) کے نمونے کا معائنہ کر سکتے ہیں۔ کچھ اور نمونوں کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے، مثال کے طور پر اگر آپ کو ایک زخم ہے یا پیشاب نکالنے کی سلائی۔

یہ نمونے لیتے وقت آپ کی پوشیدگی اور عزت کا ہر وقت خیال رکھا جائے گا۔

سواب (روئی میں لپٹی ہوئی سلائی) اور نمونوں کو ایک لیبارٹری میں بھجوایا جاتا ہے تاکہ دیکھا جا سکے کہ کون سا بیکٹیریا پیدا ہوا ہے، اور آپ کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم آپ کو نتائج سے آگاہ کرے گی۔

آپ کے معائنے کے نتیجے کا علم ہونے تک آپ کو ایک اکلوتے کمرے میں رہنے کا کہا جا سکتا ہے۔

## سی پی ای کے مثبت نتیجے والے مریضوں کے لئے معلومات

### اگر میرا سی پی ای کا معائنہ مثبت ہو تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کا سی پی ای کا معائنہ مثبت ہے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ سی پی ای بیکٹیریا میں مبتلا ہیں۔ عموماً اس سے وہ لوگ کسی قسم کے مسائل میں مبتلا نہیں ہوتے جو صحت مند ہیں اور ہو سکتا ہے آپ کو بیماری کے اثرات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اگر آپ کو انفیکشن کی علامات نہیں ہیں تو کسی بھی علاج کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ کو انفیکشن ہو گئی ہے، تو آپ کے ڈاکٹر کے لئے یہ جاننا بہت مددگار ہوگا کہ آپ سی پی ای میں مبتلا ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ آپ کی انفیکشن کا فوری علاج کرنے کے لئے بہترین اینٹی بایوٹک ادویات تجویز کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے سی پی ای کے معائنے کا نتیجہ مثبت ہے، تو آپ کے ہسپتال میں قیام کے دوران، ہر ہفتے آپ کا سی پی ای کا معائنہ کیا جا سکتا ہے۔

### میرے ہسپتال میں قیام کے دوران انفیکشن کو بچانے اور اس پر قابو پانے کے لئے کیا کیا جائے گا؟

آپ کے ہسپتال میں قیام کے دوران، یا جب تک کہ آپ کے ڈاکٹروں کو اطمینان ہو کہ سی پی ای کے دوسرے مریضوں کے مبتلا ہونے کا امکان نہیں رہا، آپ کو ایک اکیلے کمرے میں رہنے کا کہا جا سکتا ہے۔

انفیکشن سے بچاؤ کے لئے جو سب سے اہم کام آپ کر سکتے ہیں وہ ٹوائلٹ جانے کے بعد صابن اور پانی سے ہاتھ دھونا ہے۔ آپ ہاتھ صاف کرنے کے لئے الکوحل ملا محلول بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ آپ اپنے کسی بھی طبی آلات کو چھونے سے پرہیز کریں جیسے کہ پیشاب کی نالی یا رگوں میں لگنے والی ڈرپس۔ اس سے سی پی ای کی وجہ سے کوئی انفیکشن ہونے کے خطرے کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

### کیا میرے ملاقاتی آ سکتے ہیں؟

سی پی ای میں مبتلا مریضوں کے پاس ملاقاتی آ سکتے ہیں۔ جن ملاقاتیوں کا انفیکشن میں مبتلا ہونے کا خطرہ زیادہ ہو، یا بچے اور شیر خوار بچے، انہیں ملاقات سے پرہیز کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ تمام ملاقاتیوں کو آپ کے کمرے میں داخل ہوتے اور نکلتے وقت ہاتھ دھونے چاہیے۔

### میرے ہسپتال سے جاتے وقت کیا ہوگا؟

اگر آپ ہسپتال سے جا رہے ہیں اور آپ سی پی ای میں مبتلا ہیں، تو یہ وقت کے ساتھ خود ہی ختم ہو جائے گا۔ آپ کو گھر پر اپنے ہاتھوں کو صابن اور پانی کے ساتھ دھونے، خاص طور پر ٹوائلٹ جانے کے بعد، کے علاوہ کسی اضافی احتیاط کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر ایک رشتہ دار یا دوست گھر پر آپ کی دیکھ بھال میں مدد کر رہا ہے، تو یہ ضروری ہے کہ وہ آپ کو دیکھ بھال دئے جانے سے پہلے اور بعد میں اپنے ہاتھ صابن اور پانی سے دھوئیں۔ بستر کی چادریں، کپڑے اور دوسری دھونے کی اشیاء کو معمول کے مطابق دھویا جا سکتا ہے۔

اگر آپ ہسپتال یا صحت کی دیکھ بھال کے کسی دوسرے ماحول میں واپس جاتے ہیں، تو یہ ضروری ہے کہ آپ اپنی دیکھ بھال کرنے والے عملے کو آگاہ کریں کہ آپ ماضی میں سی پی ای میں مبتلا رہے ہیں۔ اس سے یقینی ہوگا کہ آپ سی پی ای کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے بہترین دیکھ بھال حاصل کریں اور سی پی ای کی انفیکشن میں مبتلا ہونے کے خطرے میں کمی ہو۔

**مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟**

اگر آپ مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں،تو براہ مہربانی اپنی دیکھ بھال کرنے والے نرسنگ کے یا میڈیکل ٹیم کے رکن سے بات چیت کریں، جو آپ کی جانب سے مقامی انفیکشن سے بچاؤ اور کنٹرول ٹیم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اپنی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم سے کوئی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی نیچے دی گئی جگہ پر لکھیں۔

یہ کتابچہ دوسری زبانوں، اور بڑے حروف، آسان پڑھائی اور ابھرے حروف (صرف انگلش) میں بھی دستیاب ہے۔

کسی اور زبان یا صورت میں اس کتابچے کی کاپی حاصل کرنے کے لئے براہ مہربانی ہیلتھ پروٹیکشن سکاٹ لینڈ سے رابطہ کریں:
NSS.HPSHAIScreening@nhs.net

Health Protection Scotland
Meridian Court, 5 Cadogan Street, Glasgow G2 6QE
0141 300 1100